(*Translation*)

# THE WEIGHTS AND MEASURES ACT.

No. XIV of 1356 F.

*Section.*

Preamble.

## CHAPTER I.

## PRELIMINARY.

1. Short title, extent and commencement.
2. Definitions.

# قانون

# اوزان و پیمانہ جات

نشان (۱۴) بابتہ ۱۳۵۶ سنہ ف

دفعہ

تمہید

## باب اوّل

## مراتب ابتدائی۔

۱۔ مختصر نام۔ وسعت مقامی و تاریخ نفاذ۔

۲۔ تعریفات۔

| | |
|---|---|
| *(Translation)* | |
| CHAPTER II. | باب دوم |
| STANDARDS OF WEIGHTS AND MEASURES. | اوزان و پیمانہ جات کے معیار ۔ |
| 3. Standard weights and measures. | ۳ ۔ معیاری اوزان و پیمانہ جات ۔ |
| 4. Primary standards. | ۴ ۔ بنیادی معیار ۔ |
| 5. Custody and verification of primary standards. | ۵ ۔ بنیادی معیار کی تحویل و حفاظت ۔ |
| 6. Secondary standards. | ۶ ۔ ثانوی معیار ۔ |
| 7. Custody and verification of secondary standards. | ۷ ۔ ثانوی معیار کی تحویل و تصحیح ۔ |
| 8. Working standards. | ۸ ۔ تنقیحی معیار ۔ |
| 9. Custody and verification of working standards. | ۹ ۔ تنقیحی معیار کی تحویل و تصحیح ۔ |
| 10. Weighing and measuring instruments. | ۱۰ ۔ آلات وزن و پیمانہ جات ۔ |
| 11. Prohibition of weights and | ۱۱ ۔ ایسے اوزان اور پیمانہ جات کے |

(*Translation*)

measures other than standard weights and measures.

## CHAPTER III.

### VERIFICATION AND STAMPING OF WEIGHTS AND MEASURES.

12. Stamping.

13. Stamping and verification of weighing and measuring instruments.

14. Use of weights and measures not verified prohibited.

15. Sale and delivery of weights and measures not verified prohibited.

16. Licence for making, repairing or selling weights and measures etc.



استعمال کی ممانعت جو معیاری وزن اور پیمانہ جات سے مختلف ہوں ۔

## باب سوم

### اوزان و پیمانہ جات کی تصحیح اور اُن پر ٹھپہ لگانا ۔

۱۲ ۔ ٹھپہ لگانا ۔

۱۳ ۔ آلہ وزن اور پیمانوں کی تصحیح اور اون پر ٹھپہ لگانا ۔

۱۴ ۔ غیر مصدقہ اوزان و پیمانہ جات کے استعمال کی ممانعت ۔

۱۵ ۔ ممانعت فروخت و حوالگی اوزان و پیمانہ جات غیر مصدقہ ۔

۱۶ ۔ اوزان و پیمانہ جات وغیرہ کے بنانے درست کرنے یا فروخت کرنے کا اجازت نامہ ۔

( *Translation* )

17. Provision of means of verification and stamping.

18. Appointment of inspector of weights and measures.

19. Verification and stamping by inspector.

20. Power to inspect weights etc, and to enter shops etc., for that purpose.

21. Differences how to be decided.

22. Power to levy fees.

23. Standard of accuracy of weights and measures.

24. Presumption as to stamped weighing and measuring instruments.



۱۷ ۔ تصحیح و ٹھپہ لگانے کے ذرائع مہیا کرنا ۔

۱۸ ۔ تقرر ناظر اوزان و پیمانہ ۔

۱۹ ۔ تصدیق و مہر منجانب ناظر ۔

۲۰ ۔ اوزان وغیرہ کا معائنہ کرنے اور اس مقصد کے لئے دوکانوں وغیرہ میں داخل ہونے کا اختیار ۔

۲۱ ۔ تصفیہ اختلافات ۔

۲۲ ۔ فیس مقرر کرنے کا اختیار ۔

۲۳ ۔ معیار صحت اوزان و پیمانہ جات ۔

۲۴ ۔ ٹھپہ لگائے ہوئے آلات وزن و پیمانہ جات کے متعلق قیاس ۔

*(Translation)*

## CHAPTER IV.

## باب چہارم

## OFFENCES AND PENALTIES.

## جرائم اور اُن کی سزا۔

25. Penalty for fraudulent use of weighing or measuring instrument.

۲۵۔ آلہ وزن یا پیمانہ کے فریب آمیز استعمال کی سزا۔

26. Penalty for making and selling false or defective weighing or measuring instrument.

۲۶۔ جعلی یا ناقص آلہ وزن یا پیمانہ بنانے اور فروخت کرنے کی سزا۔

27. Penalty for selling articles by weight or measure other than standard weight or measure.

۲۷۔ معیاری وزن یا پیمانہ کے سوائے کسی دوسرے وزن یا پیمانہ کے ذریعہ اشیاء فروخت کرنے کی سزا۔

28. Penalty for possession and use of unauthorised weighing or measuring instrument.

۲۸۔ غیر مجاز آلہ وزن یا پیمانہ وغیرہ قبضہ میں رکھنے اور استعمال کرنے کی سزا۔

29. Penalty for giving short weight or measure.

۲۹۔ وزن یا پیمانہ میں کمی کرنے کی سزا۔

*(Translation)*

30. Penalty for possessing weights, weighing or measuring instruments not verified or stamped.

۳۰۔ غیر مصدقہ یا بغیر ٹھپہ لگائے ہوئے آلۂ وزن تولنے یا ناپنے کے آلہ وغیرہ کے قبضہ کی سزا۔

31. Penalty for sale or delivery of weight and measure not verified and stamped.

۳۱۔ غیر مصدقہ اور بغیر ٹھپہ لگائے ہوئے آلۂ وزن اور پیمانہ کے فروخت یا حوالگی کی سزا۔

32. Forgery of weighing and measuring instruments.

۳۲۔ آلات وزن و پیمانہ جات کی تلبیس۔

33. Penalty for neglect or refusal to produce weight for inspection.

۳۳۔ بغرض معائنہ وزن پیش کرنے میں غفلت یا انکار کرنے کی سزا۔

34. Recurrence of offences.

۳۴۔ جرائم کی تکرار۔

35. Penalty for breach of duty by inspector.

۳۵۔ ناظر کے عدم ادائی فرائض کی سزا۔

## CHAPTER V.

## باب پنجم

## MISCELLANEOUS.

## متفرق۔

36. Protection to persons acting in good faith.

۳۶۔ ایسے اشخاص کا تحفظ جو نیک نیتی سے کام کریں۔

*(Translation)*

37. Cognizance of offences.

38. Delegation of powers.

39. Power to exempt persons, trade or weighing or measuring instruments.

## CHAPTER VI.

## RULES.

40. Power to make rules.

41. Repeal of enactments and orders.

Schedule.



۳۷ ـ جرائم کی سماعت ـ

۳۸ ـ تفویض اختیارات ـ

۳۹ ـ اشخاص تجارت یا آلۂ وزن یا پیمانہ کو مستثنی کرنے کا اختیار ـ

## باب ششم

## ترتیب قواعد

۴۰ ـ ترتیب قواعد کا اختیار ـ

۴۱ ـ تنسیخ قوانین احکام ـ

ضمیمہ

(*Translation*)

# THE WEIGHTS AND MEASURES ACT.

No. XIV of 1356 F.

*(Received the assent of H.E.H. the Nizam on 24th Rabi-ul-avval 1366 H., corresponding to 16th Farwardi, 1356 F.)*

Preamble. Whereas it is expedient to consolidate the law relating to the fixation and use of standards of weights and measures in H. E. H. the Nizam's Dominions; It is hereby enacted as follows :—

# قانون

## اوزان وپیمانہ جات

نشان (۱۴) بابتہ ۱۳۵۶ف

جو پیشگاہ اعلیحضرت مدظلہم العالی سے بتاریخ ۲۴ ربیع الاول شریف ۱۳۶۶ھ م ۱۶ فروردی ۱۳۵۶ف منظور ہوا

تمہید۔ ہرگاہ قرین مصلحت ہے کہ ممالک محروسہ سرکار عالی میں اوزان اور پیمانہ جات کے معیار کے تعیین اور استعمال کے متعلق قانون کی ازسرنو تدوین کی جائے لہذا حسب ذیل حکم ہوتا ہے:۔

(*Translation*)

## CHAPTER I.

## PRELIMINARY.

Short title, extent and commencement.

I. (1) This Act may be called "The Weights and Measures Act, 1356 Fasli."

(2) Chapters I, II, III, V and VI of this Act shall come into force on such date and in such areas as the Government may, by notification in the Jarida, determine from time to time.

(3) Chapter IV shall come into force on the expiry of six months from the date on which Chapters I, II, III, V and VI come into force, in such areas as the Government may, by notification in the Jarida, determine.



## باب اوّل

## مراتب ابتدائی۔

مختصر نام ۔ وسعت مقامی و تاریخ نفاذ ۔

دفعہ ۱۔ (۱) ۔ قانون ہذا بنام "قانون اوزان و پیمانہ جات" بابتہ ۱۳۵۶ف موسوم ہو سکے گا۔

(۲) ۔ قانون ہذا کے ابواب اول دوم ۔ سوم ۔ پنجم اور ششم کا نفاذ ایسی تاریخ سے ایسے رقبہ جات میں ہوگا جن کا تعین سرکار عالی وقتاً فوقتاً ذریعہ اعلان مندرجہ جریدہ کریں۔

(۳) ۔ تاریخ نفاذ احکام ابواب اول ۔ دوم ۔ سوم و پنجم اور ششم سے چھ ماہ کے اختتام پر باب چہارم کے احکام کا نفاذ ایسے رقبہ جات میں ہوگا جن کا تعین سرکار عالی ذریعہ اعلان مندرجہ جریدہ کریں۔

*(Translation)*

Definitions.

2. In this Act, unless there is anything repugnant in the subject or context—

(1) "Inspector" means an officer appointed under this Act to discharge the duties of an inspector ;

(2) "measure" includes any instrument for the measurement of length, area, capacity or volume ;

(3) "weighing instrument" includes scales, weight or the weights belonging thereto, scale beam and pans, spring or mechanical balance, weighing machine, and other instruments for weighing ;

(4) "primary standard" means the standard prepared under section 4 and stamped with the distinctive stamp ;

(5) "secondary standard" means

تعریفات۔ | دفعہ ۲۔ قانون ہذا میں بجز اس کے کہ مضمون یا سیاق عبارت اس کے خلاف ہو۔

(۱)۔ "ناظر" سے مراد ایسا عہدہ دار ہے جو تحت قانون ہذا ناظر کے فرائض انجام دینے کے لئے مقرر کیا جائے۔

(۲)۔ "پیمانہ" میں طول۔ رقبہ گنجائش یا حجم ناپنے کا ہر آلہ داخل ہے۔

(۳)۔ "آلہ وزن" میں ترازو۔ باٹ یا اوس کے متعلقہ اوزان۔ ترازو کی ڈنڈی اور پلڑے کمانی یا میکانی ترازو۔ تولنے کی مشین اور دیگر آلات وزن کشی داخل ہیں۔

(۴)۔ "بنیادی معیار" سے مراد ایسا معیار ہے جو بموجب دفعہ ۴ تیار کیا جائے اور جس پر تمیزی ٹھپہ لگایا جائے۔

(۵)۔ "ثانوی معیار" سے ایسا معیار

(*Translation*)

the standard prepared under section 6 and stamped with the distinctive stamp;

مراد ہے جو بموجب دفعہ ۶ تیار کیا جائے اور جس پر تمیزی ٹھپہ لگایا جائے۔

(6) "working standard" means the standard prepared under section 8 and stamped with the distinctive stamp;

(۶) "تنقیحی معیار" سے ایسا معیار مراد ہے جو بموجب دفعہ ۸ تیار کیا جائے اور جس پر تمیزی ٹھپہ لگایا جائے۔

(7) "verification" or "re-verification" with its grammatical variations, means the process of comparing, checking or testing any weighing instrument or measure;

(۷) "تصحیح" یا "تصحیح مکرر" (مع اوس کے نحوی تبدیلیوں کے) آلہ وزن یا پیمانہ کا مقابلہ کرنا جانچنا اور اوس کی تنقیح کرنے کا عمل مراد ہے۔

(8) "prescribed" means prescribed by rules made under this Act.

(۸) "مقررہ" سے مراد مقررہ بموجب قواعد مرتبہ تحت قانون ہذا ہے۔

## CHAPTER II.

## باب دوم

### STANDARDS OF WEIGHTS AND MEASURES.

### اوزان و پیمانہ جات کے معیار۔

Standard weights and measures.

3. (1) The weights and measures including the multiples and sub-multiples thereof specified in Parts A and B

معیاری اوزان و پیمانہ جات۔

دفعہ ۳ (۱)۔ اوزان اور پیمانہ جات بشمول اون کے

(*Translation*)

of the Schedule shall, for the purposes of this Act, be standard weights and measures and shall be used in the areas where this Act has come into force.

اضعاف اور اضعاف ضمنی کے جن کی صراحت ضمیمہ کے حصہ (الف) و (ب) میں کی گئی ہے اغراض قانون ہذا کے لئے معیاری اوزان اور پیمانہ جات ہوں گے اور ان کا استعمال ایسے رقبہ جات میں جہاں قانون ہذا نافذ کیا جائے لازمی ہوگا۔

(2) The standard weights specified in Part A of the Schedule may also be used for the weighing of articles mentioned in Part B of the Schedule.

(۲)۔ ضمیمہ کے حصہ (الف) کے مندرجہ معیاری اوزان ان اشیاء کیلئے بھی استعمال کئے جا سکیں گے جن کا ذکر ضمیمہ کے حصہ (ب) میں کیا گیا ہے۔

(3) Notwithstanding the provisions contained in sub-sections (1) and (2), the Government may, by notification in the Jarida, declare, either generally or for any particular trade or class of trades—

(۳)۔ باوجود احکام مندرجہ ضمن (۱) و (۲) سرکار عالی کو اختیار ہوگا کہ بذریعہ اعلان مندرجہ جریدہ عام طور پر یا کسی خاص کاروبار کے لئے یا کسی خاص کاروباری طبقہ کے لئے۔

(a) any other multiples or sub-multiples for weights and measures specified in Parts A and B of the Schedule, or

(الف) اوزان وپیمانہ جات مندرجہ ضمیمہ کے حصہ (الف) و (ب) کے لئے کوئی اور اضعاف یا اضعاف ضمنی۔ یا

*(Translation)*

(b) any other weight or measure and any multiples or sub-multiples thereof, to be a weight or measure.

(4) The Government may, from time to time by notification in the Jarida, increase or decrease the articles specified in Part B of the Schedule.

(5) The weights and measures, including multiples and sub-multiples thereof notified under sub-section (3) shall be demeed to be standard weights and measures for the purposes of this Act.

Primary standards.

4. For the purpose of verifying the secondary standards, standard weights and measures shall be prepared by such agency and shall be of such material, weight, length and form and shall be made in such manner as may be determined by the Government by notification in the Jarida. They shall be stamped in the prescribed manner with the distinctive stamp. The standard weights and measures so prepared and stamped shall be called "primary standards."

(ب) کوئی اور وزن یا پیمانہ اور اوس کے اضعاف یا اضعاف ضمنی قائم کریں۔

(۴)۔ سرکار عالی کو اختیار رہے گا کہ ذریعہ اعلان مندرجہ جریدہ وقتاً فوقتاً ضمیمہ کے حصہ (ب) کی مصرحہ اشیاء میں اضافہ یا کمی کریں۔

(۵)۔ اوزان اور پیمانہ جات بشمول اون کے اضعاف اور اضعاف ضمنی کے جن کا اعلان ضمن (۳) کے تحت کیا جائے قانون ہذا کی اغراض کے لئے معیاری اوزان اور پیمانہ جات ہونگے

بنیادی معیار۔

دفعہ ۴۔ ثانوی معیار کی تصحیح کے لئے معیاری اوزان اور پیمانہ جات ایسے ذریعہ سے تیار کرائے جائیں گے اور ایسے مادہ۔ وزن طول اور شکل کے مطابق ہوں گے اور اوس طریقہ سے تیار کئے جائیں گے جو سرکار عالی بذریعہ

*(Translation)*

Custody and verification of primary standards.

5. The primary standards shall be kept in the custody of such officer in the City of Hyderabad as the Government may nominate. They shall, at least once in every five years, be verified, and if necessary, be adjusted or renewed, in such manner and by such officer as the Government may think fit.

Secondary standards.

6. For the purpose of verifying the working standards in use in any area standard weights and measures shall be prepared by such agency and shall be of such material, length, form and weight and shall be made in such manner as the Government may prescribe by notification in the Jarida, and shall be stamped in the prescribed manner with the distinctive stamp. The standard weights and measures so prepared shall be called "secondary standards."



اعلان مندرجہ جریدہ مقرر کریں اور اون پر
حسب طریقہ مقررہ تمیزی ٹھپہ لگایا جائے گا۔
معیاری اوزان اور پیمانہ جات جو اس طرح
تیار ہوں "بنیادی معیار" کہلائیں گے۔

بنیادی معیار کی تحویل وحفاظت | دفعہ ۵۔
بنیادی معیار بلدہ حیدرآباد میں ایسے
عہدہ دار کی تحویل میں رکھے جائیں گے
جس کو سرکار عالی نامزد کریں۔ اون کی
جانچ اور تصحیح کم از کم پانچ سال میں ایک مرتبہ
ہوگی اور بشرط ضرورت اون کی تصحیح یا تجدید
ایسے عہدہ دار سے اور ایسے طریقہ پر
کرائی جائے گی جس کو سرکار عالی مناسب
خیال کرے۔

ثانوی معیار۔ | دفعہ ۶۔ کسی رقبہ میں
استعمال ہونے والے تفتیشی معیار کی تصحیح کیلئے
معیاری اوزان اور پیمانہ جات ایسے ذریعہ
سے تیار کرائے جائیں گے اور ایسے مادہ
طول، شکل اور اوزان کے مطابق ہوں گے
اور اوس طریقہ سے تیار کئے جائیں گے جو

(*Translation*)

سرکار عالی ذریعہ اعلان مندرجہ جریدہ مقرر کریں
اور ان پر حسب طریقہ مقررہ تمیزی ٹھپہ لگایا جائیگا
معیاری اوزان اور پیمانہ جات جو اس طرح
تیار ہوں "ثانوی معیار" کہلائیں گے ـ

**Custody and verification of secondary standards.**

7. (1) The secondary standards shall be kept in the City of Hyderabad and in the custody of such other officer and at such place as the Government may think fit.

(2) The secondary standards shall, at least once in every five years, be verified and if necessary renewed in the prescribed manner by such officers as the Government may nominate in this behalf. Such verification shall be, with the date thereof, marked on the secondary standards.

(3) Secondary standards not verified or renewed in accordance with sub-section (2) or not marked in the prescribed manner, shall not be legal and shall not be used for the purposes of this Act.

دفعہ ۷ ـ ثانوی معیار کی تحویل و تصحیح ـ

(۱) ـ ثانوی معیار بلدہ حیدرآباد
اور دیگر ایسے عہدہ دار کی نگرانی میں اور ایسے
مقام پر رکھے جائیں گے جس کو سرکار عالی
مناسب خیال کریں ـ

(۲) ـ ثانوی معیار کی جانچ تصحیح اور
بشرط ضرورت تجدید کم ازکم پانچ سال میں
ایک مرتبہ مقررہ طریقہ کے بموجب ان
عہدہ داروں سے جن کو سرکار عالی اس
بارے میں نامزد کریں کرائی جائے گی اور
اس عمل کی صراحت اور تاریخ ان پر ثبت
کی جائے گی ـ

(۳) ـ اغراض قانون ہذا کے لئے
ایسے ثانوی معیار جائز اور لائق استعمال نہ
ہوں گے جن کی تصحیح یا تجدید حسب ضمن (۲)

(*Translation*)

نہ کی گئی ہو یا اون پر مقررہ طریقہ کے مطابق ضروری اندراجات ثبت نہ ہوں ۔

Working standards.

8. For the purpose of verifying weights and measures in use in any area, standard weights and measures shall be prepared by such agency and shall be of such material, length, weight and form and shall be made in such manner as the Government may by notification in the Jarida prescribe. They shall be stamped, in the prescribed manner, by the distinctive stamp. Standard weights and measures so prepared shall be called "working standards."

تنقیحی معیار ۔ دفعہ ۸ ۔ کسی رقبہ میں استعمال ہونے والے اوزان اور پیمانہ جات کی تصحیح کے لئے معیاری اوزان اور پیمانہ جات ایسے ذریعہ سے تیار کرائے جائیں گے اور ایسے مادہ طول اور شکل کے مطابق ہوں گے اور اوس طریقہ سے تیار کئے جائیں گے جو سرکار عالی بذریعہ اعلان مندرجہ جریدہ مقرر کریں اور اُن پر حسب طریقہ مقررہ تمیزی ٹھپہ لگایا جائے گا معیاری اوزان اور پیمانہ جات جو اس طرح تیار ہوں "تنقیحی معیار" کہلائیں گے ۔

Custody and verification of working standards.

9. (1) The working standards shall be kept in the custody of such officer in the city of Hyderabad and in other areas at such places as the Government may think fit.

تنقیحی معیار کی تحویل و تصحیح ۔ دفعہ ۹ ۔

(۱) ۔ تنقیحی معیار بلدہ حیدرآباد اور دیگر رقبہ جات میں ایسے عہدہ دار کی نگرانی میں اور ایسے مقام پر رکھے جائیں گے جس کو سرکار عالی مناسب خیال کریں ۔

(*Translation*)

(2) A working standard shall be verified, renewed and stamped by such person and at such place and in such manner as Government may prescribe.

(۲) ـ تنقیحی معیار کی تصحیح ـ تجدید اور اس پر مہر ایسے طریقہ سے نہ ایسے شخص سے اور ایسے مقام پر کرائی جائے گی جو سرکار عالی مقرر کریں ـ

(3) Working standards not verified or renewed in accordance with sub-section (2) or not marked in the prescribed manner shall not be legal, and shall not be used for the purposes of this Act.

(۳) ـ اغراض قانون ہذا کے لئے کوئی تنقیحی معیار جائز اور لائق استعمال نہ ہوں گے جن کی تصحیح یا تجدید حسب ضمن (۲) نہ کی گئی ہو یا ان پر مقررہ طریقہ کے مطابق ضروری علامات ثبت نہ ہوں ـ

Weighing and measuring instruments.

10. Weighing and measuring instruments stamped in the prescribed manner by the proper authority shall be kept at the places where secondary standards or working standards are kept. Such instruments shall be of prescribed kind, and shall be verified, adjusted or renewed in the prescribed manner.

آلات وزن و پیمانہ جات

دفعہ ۱۰ ـ آلات وزن اور پیمانہ جات جن پر مقررہ طریقہ کے مطابق عہدہ دار مجاز نے ٹھپہ لگایا ہو ان مقامات پر رکھے جائیں گے جہاں ثانوی معیار یا تنقیحی معیار رکھے جائیں ـ اور ایسے آلات مقررہ نوعیت کے ہوں گے جن کی تصحیح یا تطبیق ـ تجدید مقررہ طریقہ کے مطابق ہوگی ـ

Prohibition of weights and measures other than standard weights and measures.

11. (1) Notwithstanding anything to the contrary in any law for the time being in force, and subject to exceptions under section 39, in any dealing or contract for any work to be done or goods to be sold or delivered by weight or

ایسے اوزان اور پیمانہ جات کے استعمال کی ممانعت جو معیاری وزن اور پیمانہ جات سے مختلف ہوں ـ

دفعہ ۱۱ ـ (۱) ـ باوجود اس کے کہ کسی قانون نافذ الوقت میں اس کے خلاف

*( Translation )*

measure, the use of any weight or measure other than the weight or measure or multiples or sub-multiples thereof specified in the Schedule, shall not be lawful. When anything appears to have been done or goods sold or delivered by weight or measure in any dealing or execution of contract, it shall be presumed that the dealing or execution of the contract or the sale or delivery of goods, is effected according to the weight or measure or multiples or sub-multiples thereof specified in the Schedule.

(2) Any dealing or contract had or made in contravention of the provisions of sub-section (1), so far as it contravenes the said provisions shall be void unless it is proved that such dealing or contract was had or made without intention to contravene the said provisions.



کوئی اور حکم ہو ان مستثنیات مندرجہ دفعہ ۳۹ کو ملحوظ رکھتے ہوئے کسی لین دین یا ایسے معاہدہ کی تعمیل میں جس میں وزن یا پیمانہ کے ذریعہ کوئی عمل یا مال کی خرید و فروخت یا حوالگی کرنا ہو بجز اوس وزن یا پیمانہ کے یا اوس کے اضعاف یا اضعاف ضمنی کے جس کی صراحت ضمیمہ میں کی گئی ہے کسی اور وزن یا پیمانہ کا استعمال جائز نہ ہوگا اور ہر ایسی صورت میں جہاں لین دین یا ایسے معاہدہ کی تعمیل میں جس میں وزن یا پیمانہ کے ذریعہ کوئی عمل ہونا ظاہر ہو یا مال کی خرید و فروخت یا حوالگی عمل میں آئی ہو یہ قیاس ہوگا کہ لین دین یا معاہدہ کی تعمیل یا مال کی خرید و فروخت یا حوالگی اوس وزن یا پیمانہ یا اوس کے اضعاف یا اضعاف ضمنی کے مطابق ہوئی جس کی صراحت ضمیمہ میں کی گئی ہے ۔

(۲) - ہر لین دین یا معاہدہ جس میں احکام مندرجہ ضمن (۱) کی خلاف ورزی ہوئی ہو خلاف ورزی کی حد تک کالعدم ہوگا بجز اس کے کہ یہ ثابت کیا جائے کہ لین دین یا معاہدہ اس

(*Translation*)

*Explanation:*—Unless there is anything repugnant in the subject or context, a dealing or contract is hereinafter called "trade".

## CHAPTER III.

### VERIFICATION AND STAMPING OF WEIGHTS AND MEASURES.

Stamping.

12. Every weight which conforms to the provisions of this Act, except where the small size of the weight renders it impracticable, shall have the denomination thereof stamped on the top or side thereof in legible figures and letters. Every measure of length, area, capacity or volume, which conforms to the provisions of this Act, shall have the length or volume thereof inscribed or stamped according to its size, on the outside of such measure in legible figures and letters. A weight or measure which does not conform to the provisions of this section shall not be stamped in accordance with the provisions of this Act.



نیت سے نہیں کیا گیا تھا کہ احکام مذکور کی خلاف ورزی کی جائے۔

توضیح:۔ بجز اس کے کہ مضمون یا سیاق عبارت اس کے خلاف ہو لین دین یا معاہدہ کو آئندہ "تجارت" کے نام سے موسوم کیا گیا ہے۔

## باب سوم

### اوزان و پیمانہ جات کی تصحیح اور اون پر ٹھپہ لگانا۔

ٹھپہ لگانا۔ | دفعہ ۱۲۔ ہر وزن جو قانون ہذا کے احکام کے مطابق ہو اوس کے بالائی حصہ یا بازو پر اوس کا وزن نمایاں حروف اور ہندسوں میں مثبت ہوگا۔ بجز اس کے کہ اس کی جسامت اتنی چھوٹی ہو کہ ایسا نہ ہو سکتا ہو۔

طول، رقبہ۔ گنجایش یا حجم ناپنے کے

ہر پیمانہ پر جو قانون ہذا کے احکام کے مطابق
ہو اوس کے بیرونی جانب نمایاں حروف اور
ہندسوں میں صورت حال کے لحاظ سے اوس
کا طول یا حجم کھودوایا ثبت کیا جائے گا۔

ایسے وزن یا پیمانہ پر جو احکام دفعہ
ہذا کے مطابق نہ ہوں بموجب قانون ہذا
کے ٹھپہ نہ لگایا جائے گا۔

**Stamping and verification of weighing and measuring instruments.**

13. No weight or measure shall be used for trade unless it has been verified or re-verified and stamped in the prescribed manner by an inspector.

**آلہ وزن اور پیمانوں کی تصحیح اور اون پر ٹھپہ لگانا۔**

دفعہ ۱۳ - کوئی وزن یا پیمانہ تجارت
کے لئے استعمال نہ ہوگا تاوقتیکہ ناظر نے
تصحیح یا تصحیح مکرر کے بعد بموجب طریقہ مقررہ
ٹھپہ نہ لگایا ہو۔

(2) Government may prescribe the amount of error to be tolerated in weighing or measuring instruments used for trade.

(۲) - سرکار عالی کو اختیار
ہوگا کہ آلات وزن اور پیمانہ جات میں جو
کاروبار تجارت کے لئے استعمال میں آتے
ہوں ایسی کمی کی مقدار معین کرے جو قابل
درگذر خیال کی جاسکے گی۔

*(Translation)*

Use of weights and measures not verified prohibited.

14. No weighing or measuring instrument shall be used in trade unless it has been verified or re-verified and stamped within the prescribed manner by an inspector.

غیر مصدقہ اوزان و پیمانہ جات کے استعمال کی ممانعت ۔

دفعہ ۱۴ ۔ کوئی آلہ وزن یا پیمانہ تجارت میں استعمال نہ ہوگا تاوقتیکہ ناظر نے مقررہ مدت کے اندر مقررہ طریقہ کے مطابق اوس کی تصحیح یا تصحیح مکرر کرکے بعد اوس پر ٹھپہ نہ لگایا ہو ۔

Sale and delivery of weights and measures not verified prohibited.

15. No weighing or measuring instrument shall be sold or delivered unless it has been verified or re-verified and stamped within the prescribed period and in the prescribed manner by an inspector.

ممانعت فروخت و حوالگی اوزان و پیمانہ جات غیر مصدقہ

دفعہ ۱۵ ۔ کوئی آلہ وزن یا پیمانہ فروخت یا حوالہ نہ کیا جائے گا تاوقتیکہ ناظر نے مقررہ مدت کے اندر مقررہ طریقہ کے مطابق اس کی تصحیح یا تصحیح مکرر کرکے بعد اوس پر ٹھپہ نہ لگایا ہو ۔

Licence for making, repairing or selling weihgts and measures, etc.

16. No person shall make, repair or sell any weighing or measuring instruments unless he has obtained from Government a licence for making, repairing or selling them.

اوزان و پیمانہ جات وغیرہ کے بنانے درست کرنے یا فروخت کرنے کا اجازت نامہ ۔

دفعہ ۱۶ ۔ کوئی شخص مجاز نہ ہوگا کہ آلات وزن یا پیمانہ جات بنائے یا ان کو درست یا فروخت کرے بجز اسکے اُس نے بنانے، درست یا فروخت کرنے کا اجازت نامہ سرکار عالی

(*Translation*)

17. Government shall make proper arrangements for verifying and stamping weighing and measuring instruments in the City of Hyderabad, in District Headquarters and at such other places as they may think fit.

Provision of means of verification and stamping.

18. (1) Government shall appoint a sufficient number of persons with prescribed qualifications for protection and custody of working standards and for the discharge of the duties of an inspector in accordance with the provision of this Act.

Appointment of inspector of weights and measures.

(2) Government may empower an officer to inspect the work of an inspector.

19. An inspector shall examine every weighing or measuring instrument which is brought to him for the purpose of verification. If he finds such weighing or measuring instrument up to the standard he shall stamp the same with verification stamp in the prescribed manner.

Verification and stamping by inspector.

سے حاصل نہ کیا ہو ۔

تصحیح و ٹھپہ لگانے کے ذرائع مہیا کرنا ۔

دفعہ ۱۷ ۔ سرکار عالی بلدہ حیدرآباد اور مستقر ہائے اضلاع اور دیگر مقامات میں جہاں وہ مناسب خیال کریں آلات وزن و پیمانہ جات کی تصحیح اور ان پر ٹھپہ لگانے کے لئے مناسب انتظام کریں گے ۔

تقرر ناظر اوزان و پیمانہ ۔

دفعہ ۱۸ ۔ (۱) تنقیحی معیاروں کی حفاظت اور تحویل نیز قانون ہذا کے احکام کے مطابق ناظر کے فرائض انجام دینے کے لئے کافی تعداد میں مقررہ قابلیت کے اشخاص کا تقرر سرکار عالی کریں گے ۔

(۲) ۔ سرکار عالی کو اختیار رہے گا کہ کسی عہدہ دار کو ناظر کے کام کی تنقیح کا اختیار دیں ۔

تصدیق و مہر منجانب ناظر ۔

دفعہ ۱۹ ۔ ناظر ہر آلہ وزن یا پیمانہ کی جانچ کرے گا۔ جو اس کے پاس بغرض تصحیح لایا جائے ۔ اور

معیار کے مطابق پانے پر مقررہ طریقہ سے اس پر تصحیح کا ٹھپہ لگائے گا ۔

Power to inspect weights, etc., and to enter shops, etc., for that purpose.

20. (1) Every inspector empowered in writing in this behalf by Government may—

اوزان وغیرہ کا معائنہ کرنے اور اس مقصد کے لئے دکانوں وغیرہ میں داخل ہونے کا اختیار

دفعہ ۲۰ (۱)۔ ہر ناظر (جس کو سرکار عالی نے اس بارے میں تحریراً اختیار دیا ہو) مجاز ہوگا :۔

(a) inspect at all reasonable times measures and weighing or measuring instruments, within the area under his charge, which are in the possession of any person or in any premises for use in trade and compare any such weighing or measuring instrument with a working standard or a weighing or measuring instrument prescribed for this purpose, and verify it ;

(الف)۔ مناسب اوقات میں اپنے زیر انتظام حدود کے اندر پیمانہ کی اور تولنے یا ناپنے کے آلہ وزن یا پیمانہ جات کی جو کسی شخص کے قبضہ میں یا کسی عمارت میں تجارتی مقاصد کے لئے بغرض استعمال موجود ہوں ۔ تنقیح کرے نیز ایسے آلہ وزن یا پیمانہ کا کسی تنقیحی معیار کے ساتھ یا کسی آلہ وزن یا پیمانہ کے ساتھ جو اس مقصد کے لئے ہو مقابلہ کرکے تصحیح کرے ۔

(b) seize and detain any weighing or measuring instrument which appears to have been or may be used, for the commission of an offence under this Act.

(ب)۔ کسی آلہ وزن یا پیمانہ کو جس کے متعلق یہ معلوم ہو کہ تحت قانون ہذا کسی

*(Translation)*

(2) For the purpose of inspection or seizure, an inspector may enter, at all reasonable times, into any place where weighing or measuring instruments are used or kept for purpose of trade and inspect such weighing or measuring instruments.

Differences how to be decided.

21. (1) In case of difference of opinion between an inspector and any person as to the meaning or interpretation of any rule made under this Act, or as to the manner of application, verification or stamping of any weighing or measuring instrument, the matter may be, by an application, referred for decision to any officer appointed by Government in this behalf.

(2). An appeal against any decision under sub-section (1) shall lie



جسوم کے ارتکاب میں استعمال کیا گیا ہے یا استعمال کیا جانے والا ہے۔ اپنے قبضہ میں لے اور روک رکھے۔

(۲)۔ معائنہ یا قبضہ کرنے کی غرض سے ناظر مجاز ہوگا کہ ایسے مقام میں جہاں آلہ وزن یا پیمانہ بغرض کاروبار تجارتی استعمال میں لایا جاتا ہو یا رکھا جاتا ہو مناسب اوقات میں داخل ہو کر ان کی تنقیح کرے۔

تصفیہ اختلافات۔

دفعہ ۲۱۔ (۱) ناظر اور کسی شخص کے درمیان کسی قاعدہ مرتبہ تحت قانون ہذا کے مفہوم یا تعبیر یا کسی آلہ وزن یا پیمانہ کی تطبیق تصحیح یا اوس پر ٹھپہ لگانے کے طریقہ کے متعلق اختلاف پیدا ہو تو اوس کو بذریعہ درخواست ایسے عہدہ دار کے پاس بغرض تصفیہ پیش کیا جا سکے گا۔ جس کو سرکار عالی نے اس بارے میں مقرر کیا ہو۔

(۲)۔ ضمن (۱) کے تحت جو

(*Translation*)

within thirty days, to Government or an officer appointed by them and such decision shall be final.

Power to levy fees.

22. Government may levy fees for verification, re-verification or stamping of any weighing or measuring instrument.

Standard of accuracy of weights and measure.

